# 486 ـ دینی تہوار و جشن

**سوال**

برائے مہربانی مجھے اسلام میں دینی تہوار اور جشن کے متعلق بتائیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ہم مسلمانوں کے ہاں صرف عید الفطر اور عید الاضحی کے دو تہوار ہیں اس کے علاوہ کوئی اور تہوار نہیں، ان تہواروں میں ہم فرحت و خوشی اور سرور کا اظہار کرتے ہیں، اور اہل و عیال کو مبارکباد دیتے ہیں، بلکہ اس سے بھی بڑھ ان تہواروں میں اللہ تعالی بڑائی میں حمد تکبیر کی صدائیں بلند کی جاتی اور نماز عید ادا کرتے ہیں.

اس کے علاوہ ہمارے ہاں سال بھر میں کوئی ایسا جشن اور تہوار نہیں جو معین ہو، لیکن اس کے علاوہ شریعت اسلامیہ نے کچھ ایسے خوشی کےموقع رکھے ہیں جس میں کھانا کھلانا مثلا نکاح اور شادی اور بچے کا عقیقہ کرنا، لیکن اس کے لیے سال میں کوئی دن مقرر نہیں بلکہ ہر مسلمان کی زندگی میں ایسا دن آنے کی مناسبت کے موقع پر ہوتا ہے.

واللہ اعلم .